ہندوستان-اقوام متحدہ عالمی استعداد کاری پہل کے تحت پروجیکٹس کا آغاز

اگست 02، 2025

ہندوستان-اقوام متحدہ عالمی استعداد کاری پہل" کے تحت پہلے مرحلے میں چار پروجیکٹس کا آغاز 01 اگست، 2025 کو وزارت خارجہ کے سکریٹری (مغرب) جناب تنمے لال کے ذریعہ کیا گیا. ان منصوبوں کے آغاز کے موقع پر جن ممالک میں یہ پروجیکٹس شروع کیے جا رہے ہیں اُن کے سربراہانِ مشن، اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈی نیٹر جناب شومبی شارپ، بھارت میں اقوام متحدہ کی مختلف ایجنسیوں کے سربراہان اور وزارتِ خارجہ کے سینئر حکام موجود تھے۔

2. اس پہل کا اعلان ستمبر 2023 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78ویں اجلاس کے موقع پر عزت مآب وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی موجودگی میں کیا گیا تھا، اس کے بعد وزارت خارجہ اور اقوام متحدہ کی بھارت میں ٹیم نے مشترکہ طور پر ان پروجیکٹس کی نشاندہی کا عمل انجام دیا اور ان پر عمل درآمد کے لیے کام کیا، تاکہ جنوب-جنوب تعاون کو فروغ دے کر پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول کو تیز کیا جا سکے.

3. بھارت عالمی جنوب کے لیے استعداد کاری کی کوششوں میں ایک پیش رو ملک ہے. آئی ٹی ای سی (انڈین ٹیکنیکل اینڈ اکنامک کوآپریشن) ہندوستان کا نمایاں پروگرام ہے، جس کے تحت ہر سال 400 سے زائد خصوصی کورسز میں تقریباً 160 ممالک کو 12000 سے زائد تربیتی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، اور آغاز سے لے کر اب تک 225000 سے زائد افراد کو ٹریننگ دی جا چکی ہے.

4. ہندوستان-اقوام متحدہ عالمی جنوب استعداد کاری پہل، تکنیکی اور معاشی شعبوں میں ہندوستان کی استعداد کاری کی مہارت کا ایک فطری تسلسل ہے، جس میں مختلف ممالک میں مقامی تقاضوں کے مطابق پروگرام کی ٹریننگ دینے کے لئے اقوام متحدہ کی ایجنسیوں کو شامل کیا گیا ہے، اس کا مقصد متعلقہ شعبوں میں خصوصی تربیت کے ذریعے انسانی وسائل مضبوط بنانا ہے، تاکہ پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول کی جانب مثبت اثرات مرتب کیے جا سکیں. اقوام متحدہ کی ایجنسیاں میزبان حکومت کو پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) پر مبنی منصوبوں کی نشاندہی کریں گی اور دیگر پہلوؤں میں معاونت فراہم کرے گی، جبکہ تربیتی جزو حکومتِ ہند کے آئی ٹی ای سی (ITEC) پروگرام کے تحت نافذ کیا جائے گا.

5. پہلے مرحلے میں چار منصوبوں کی نشاندہی کی گئی ہے جن پر عمل درآمد کیا جائے گا: (الف) نیپال میں چاول میں افزودگی اور سپلائی چین منیجمنٹ کا منصوبہ، ورلڈ فوڈ پروگرام کی معاونت سے؛ (ب) زامبیا اور لاؤ پی ڈی آر کے لیے ڈیجیٹل ہیلتھ پلیٹ فارم، یو این ڈی پی کی معاونت سے؛ (ج) بیلیز، بارباڈوس، سینٹ کٹس و نیویس، سورینام، اور ٹرینیڈاڈ و ٹوباگو میں مردم شماری کی تیاری، اقوام متحدہ فنڈ برائے آبادی کی معاونت سے؛ (د) جنوبی سوڈان کے لیے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام، یونیسکو کی معاونت سے. ان پروجیکٹس کے لیے آئی ٹی ای سی کے تربیتی اداروں کی نشاندہی کی جا چکی ہے اور کورسز کا آغاز ستمبر 2025 سے متوقع ہے.

نئی دہلی
اگست 01، 2025